© rasailojaraid.com





# حُسنِ انتقاد

تبصرہ کے لیے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے

مبصر: محمد نعمان سنجرانی

● : ماہنامہ المدینہ (کراچی) ''عظمت والدین نمبر، اسوۂ حسنہ اور تعلیمات نبوی ﷺ کی روشنی میں۔''

**مدیرِاعلیٰ: قاری حامد محمود ضخامت: 258 صفحات قیمت: =/300 روپے**

**ملنے کا پتہ: ماہنامہ المدینہ، صائمہ ٹاورز، روم نمبر A-205، سیکنڈ فلور، آئی آئی چندری گر روڈ، کراچی**

ماہنامہ ''المدینہ'' گزشتہ ۱۴ سالوں سے باقاعدگی سے شائع ہو رہا ہے اور ہر سال سیرت نمبر شائع کرتا ہے۔ اس سال خاص نمبر بعنوان ''عظمتِ والدین نمبر'' (اُسوۂ حسنہ اور تعلیمات نبوی ﷺ کی روشنی میں) شائع کیا ہے۔ یہ شمارہ تین ابواب پر مشتمل ہے:

عظمتِ والدین، مقامِ والدین، حقوقِ والدین۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے کلامِ برحق قرآن کریم کی سورۂ بنی اسرائیل میں اپنی بندگی و عبادت کے حکم کے متصل والدین سے حُسنِ معاملہ اور اُن کی فرماں برداری کا حکم فرمایا ہے۔ اسی طرح ہادیٔ عالم، شفیعِ اعظم حضرت محمد کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے احادیثِ مبارکہ میں والدین کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنے اور اُن کی خدمت کی تلقین و تاکید فرمائی ہے۔ سورۂ بقرہ میں ارشاد ہے:

وَ اِذْ اَخَذْنَا مِیْثَاقَ بَنِیْٓ اِسْرَآءِ یْلَ لَا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ وَ بِالْوَالِدَیْنِ اِحْسَانًا ......الخ (بقرہ: ۸۳)

اور جب ہم نے بنی اسرائیل سے پختہ عہد لیا کہ اللہ کے سوا تم کسی کی عبادت نہ کرو گے اور والدین کے ساتھ حسنِ سلوک سے پیش آؤ گے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد مبارک سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے کہ شرک کے بعد والدین کی نافرمانی بہت بڑا گناہ ہے۔

فرمانِ رسول ﷺ ہے: الکبائر الاشراک باللّٰہ و عقوق الوالدین و قتل النفس والیمین الغموس. (بخاری)

ترجمہ: کبیرہ گناہ یہ ہیں کہ کوئی آدمی اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرائے اور والدین کی نافرمانی کرے اور کسی جی کو ناحق قتل کرے اور جھوٹی قسم کھائے۔

قرآن و حدیث سے بے خبر لوگ آج کفار و مشرکین کی تقلید میں والدین کے مقام اور حقوق کو پامال کر رہے ہیں، بوڑھے والدین گھروں سے نکال کر انھیں ''اولڈ ہومز'' میں پہنچا رہے ہیں۔ اے کاش! مسلمان، کتاب اللہ، حدیث رسول اللہ اور اسوۂ حسنہ میں غور و فکر کر کے اپنے والدین کے حقوق ادا کرنے والے بن جائیں۔ جناب قاری حامد محمود مبارک باد کے مستحق ہیں کہ انھوں نے مختلف اصحاب قلم کے رشحات ''المدینہ'' کے عظمت والدین نمبر میں جمع کر کے ایک خوبصورت گلدستہ سجا دیا ہے۔

● **کتاب: مواعظ حافظ الحدیث (بیانات: حضرت مولانا محمد عبداللہ درخواستی رحمۃ اللہ علیہ) قیمت: =/450 روپے**

**مرتب: مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی ضخامت: 528 صفحات ناشر: جامعہ مخزن العلوم، عیدگاہ خان پور ضلع رحیم یار خان**

''مواعظ حافظ الحدیث'' دراصل مولانا محمد عبداللہ درخواستی رحمہ اللہ کے ارشادات، بیانات و مواعظ کا مجموعہ ہے۔ مشہور قول ہے کہ: ''عالم کی ایک صحبت ہزار کتابیں پڑھنے سے بہتر ہے۔''

تفقہ فی الدین کے لیے علماءِ حق و صوفیاءِ کامل کی صحبت بہت اہمیت کی حامل ہے، اگر ایسی بابرکت مجالس و محافل کے فیوض و



© rasailojaraid.com